© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

## مولانا محمد گل شیر شہید کی صاحبزادی کا انتقال:

حضرت مولانا محمد گل شیر شہیدؒ کی صاحبزادی، حافظ حسین احمد صاحب کی ہمشیر اور جامعہ اصحابِ صفہؓ، گلشن اقبال، کراچی کے بانی مہتمم علامہ مفتی ہارون مطیع اللہ کی خالہ جان مختصر علالت کے بعد ٹمن ضلع چکوال میں وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

ابن امیر شریعت حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ، سید محمد کفیل بخاری اور ڈاکٹر محمد عمر فاروق (تلہ گنگ) نے مرحومہ کے انتقال پر گہرے غم کا اظہار کرتے ہوئے اُن کے لیے دعاءِ مغفرت اور پسماندگان سے اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے صبر کی دعا کی ہے۔

★ انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ کے مرکزی سیکرٹری جنرل مولانا احمد علی سراج (کویت) کے نوجوان، معذور اور انتہائی نیک سیرت فرزند حافظ محمد احمد سراج گزشتہ دنوں ڈیرہ اسماعیل خان میں انتقال کر گئے۔ عبداللطیف خالد چیمہ نے مولانا احمد علی سراج سے فون پر حضرت پیر جی مدظلہ اور جماعت کی جانب سے تعزیت کا اظہار کیا۔

★ مجلس احرار اسلام چیچہ وطنی کے قدیم رفیق جناب عبدالمجید صاحب (ڈیرہ والے) کے والد گرامی جناب عبدالرشید ۱۹؍مارچ کو انتقال کر گئے۔ مرحوم کی نمازِ جنازہ جامع مسجد میں ادا کی گئی جو قاری محمد قاسم نے پڑھائی۔

★ مجلس احرار اسلام وہاڑی کے رہنما جناب محمد سلطان کی اہلیہ ۲۶؍مارچ کو انتقال کر گئیں۔

★ ملتان میں ہمارے قدیمی مہربان جناب رانا عبدالواحد ایڈووکیٹ کی اہلیہ، رانا عبدالماجد کی والدہ اور جناب محمد اشرف کی ممانی صاحبہ ۲۷؍فروری ۲۰۰۸ء کو انتقال کر گئیں۔

★ ملتان میں ہمارے کرم فرما جناب سلیم الدین اعوان کے جوال سال فرزند محمد عامر مختصر علالت کے بعد ۱۹؍فروری ۲۰۰۸ء کو انتقال کر گئے۔ اُن کی عمر ۲۵ سال تھی۔

★ مولانا محمد عابد کے والد عبداللطیف مرحوم (ناگڑیاں، ضلع گجرات) ۲۷؍فروری ۲۰۰۸ء

★ حاجی نذیر احمد مرحوم (ناگڑیاں، ضلع گجرات) ★ محمد صدیق جٹ مرحوم (ناگڑیاں، ضلع گجرات)

★ مجلس احرار اسلام ڈیرہ اسماعیل خان کے سابق امیر مولانا شیخ محمود الحسن قریشی مرحوم (انتقال: ۲۲؍دسمبر ۲۰۰۷ء)

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین)

قارئین سے دعاءِ مغفرت کی درخواست ہے۔ (ادارہ)



© rasailojaraid.com